(۱)

غیر مدح شہ دیں مجھ کو سروکار نہیں

صبح سے تا بہ مسا

گفتگو دوسري ہرگز مجھے زنہار نہیں

اس سے واقف ھے خدا

***

معدن لطف و عنایات خداوند نعم

ھے شہ نیک شیم

بحر موّاج سخا قلزم افضال و کرم

منبع جود و عطا

***

شوکت و شان و صلابت پہ جو کرتا ھے نگاہ

تیري اے عرش پناہ

ھوکے حیران یہ کہتا ھے کہ اللہ اللہ

تیري قدرت کے فدا

ڈھونڈ کر کیمیا کرتے ہے مہوّس پیدا
مجھ کو کیا کام بھلا
چھوڑ کر خاک درِ بادشہ ہردوسرا
ڈھونڈوں اکسیر طلا

***

پڑھے حکمت میں کوئي تجھسے سبق گر چالیس
تو وہ ہووے اکیس
فیض تعلیم سے تیرے ہو ارسطاطالیس
بلکہ کچھ اس سے سوا

***

ھاتھ اٹھا کر جو سوئے قبلہ شہ نیک خصال
کرتے ھیں حق سے سوال
کرتے ھیں بابِ اجابت سے ملک استقبال
اسکو کہتے ھیں دعاء

تیرے اضداد کے گھر هوویں جهاں میں برباد
اے شهِ نیك نهاد
شغل اُن کو نہ هو جز ناله و آه و فریاد
هے یهي اُن کي سزا
***
خضر کي طرح ترے بیٹوں کي هو طول حیات
اے شهِ نیك صفات
اعلی اعلی کرے درجوں کو رفیع الدرجات
هے یهي وِرد سدا
***
نام رهتا هے تیرا جس کو سدا وِرد زباں
اس کو بے شك و گماں
کُنج مرقد میں نظر آتا هے گلزارِ جناں
ایك طرف کو طوبی

تيري درگاه ميں احمد كي هو مقبول دعا

خالق ارض و سما

جلد آنكھوں سے ملوں ميں قدم شاه هدى

نہ هو كچھ دير ذرا

***

معاني

سروكار	خواهش ،لگاؤ	*	تابه مسا	سانج تك
زنهار	هرگز	*	خداوند نعم	نعمة نا دهني
نيك شيم	نيك خصلت	*	موّاج	موجزن
قلزم	دريا (بحر احمر)	*	منبع	سرچشمة
عرش پناه	جنو ساير عرش چھے جني پناه عرش چھے	*	مهوّس	كيمياگر- سونا چاندي بناؤنار
اكسيرطلا	سونا بناواني خاك	*	ارسطاطاليس	سكندرنا مشير انے استاذ يوناني فيلسوف

دوسرا	بے جهان	❋	کیمیا	اکسیر
اکیس	غالب	❋	سِوا	زیادة
گلزار جنان	جنة نو باغ	❋	کنج مرقد	قبرنا گوشه
ملون	رگـڑون	❋	طوبی	جنة نو درخت